روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editoralfazl@gmail.com
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
جمعرات 28۔اپریل 2016ء 20رجب 1437ہجری 28شہادت 1395ہش جلد 66-101 نمبر 97

دعائیں بہت قبول ہوتی تھیں

رسول کریم ﷺ نے حضرت سعدؓ کے حق میں ایک دعا مستجاب الدعوات ہونے کے لئے کی تھی کہ ''اے اللہ سعد جب دعا کرے اس کی دعا کو قبول کرنا'' یہ دعا مقبول ٹھہری اور حضرت سعدؓ کی دعائیں بہت قبول ہوتی تھیں لوگ آپ سے قبولیت دعا کی امید رکھتے اور بددعا سے ڈرتے تھے۔

(مستدرک حاکم جلد 3 ص 500، مجمع الزوائد جلد 9 ص 154)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

دعا کرنے والوں کے لئے آسمان زمین سے نزدیک آجاتا ہے اور دعا قبول ہو کر مشکل کشائی کے لئے نئے اسباب پیدا کئے جاتے ہیں اور ان کا علم پیش از وقت دیا جاتا ہے اور کم سے کم یہ کہ میخ آہنی کی طرح قبولیت دعا کا یقین غیب سے دل میں بیٹھ جاتا ہے۔ سچ یہی ہے کہ اگر یہ دعا نہ ہوتی تو کوئی انسان خداشناسی کے بارے میں حق الیقین تک نہ پہنچ سکتا۔ دعا سے الہام ملتا ہے دعا سے ہم خدا تعالیٰ کے ساتھ کلام کرتے ہیں۔ جب انسان اخلاص اور توحید اور محبت اور صدق اور صفا کے قدم سے دعا کرتا کرتا فنا کی حالت تک پہنچ جاتا ہے تب وہ زندہ خدا اس پر ظاہر ہوتا ہے جو لوگوں سے پوشیدہ ہے۔ دعا کی ضرورت نہ صرف اس وجہ سے ہے کہ ہم اپنے دنیوی مطالب کو پاویں بلکہ کوئی انسان بغیر ان قدرتی نشانوں کے ظاہر ہونے کے جو دعا کے بعد ظاہر ہوتے ہیں اس سچے ذوالجلال خدا کو پا ہی نہیں سکتا جس سے بہت سے دل دور پڑے ہوئے ہیں۔ نادان خیال کرتا ہے کہ دعا ایک لغو اور بےہودہ امر ہے مگر اسے معلوم نہیں کہ صرف ایک دعا ہی ہے جس سے خداوند ذوالجلال ڈھونڈنے والوں پر تجلی کرتا اور **انا القادر** کا الہام ان کے دلوں پر ڈالتا ہے۔ ہر ایک یقین کا بھوکا اور پیاسا یاد رکھے کہ اس زندگی میں روحانی روشنی کے طالب کے لئے صرف دعا ہی ایک ذریعہ ہے جو خدا تعالیٰ کی ہستی پر یقین بخشتا اور تمام شکوک و شبہات دور کر دیتا ہے۔ کیونکہ جو مقاصد بغیر دعا کے کسی کو حاصل ہوں وہ نہیں جانتا کہ کیونکر اور کہاں سے اس کو حاصل ہوئے۔ بلکہ صرف تدبیروں پر زور مارنے والا اور دعا سے غافل رہنے والا یہ خیال نہیں کر سکتا کہ یقیناً وحقاً خدا تعالیٰ کے ہاتھ نے اس کے مقاصد کو اس کے دامن میں ڈالا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ سے الہام پا کر کسی کامیابی کی بشارت دیا جاتا ہے وہ اس کام کے ہو جانے پر خدا تعالیٰ کی شناخت اور معرفت اور محبت میں آگے قدم بڑھاتا ہے۔ اور اس قبولیت دعا کو اپنے حق میں ایک عظیم الشان نشان دیکھتا ہے اور اسی طرح وقتاً فوقتاً یقین سے پُر ہو کر جذبات نفسانی اور ہر ایک قسم کے گناہ سے ایسا مجتنب ہو جاتا ہے کہ گویا صرف ایک روح رہ جاتا ہے۔ لیکن جو شخص دعا کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ کے رحمت آمیز نشانوں کو نہیں دیکھتا وہ باوجود تمام عمر کی کامیابیوں اور بےشمار دولت اور مال اور اسبابِ تنعم کے دولت حق الیقین سے بےبہرہ ہوتا ہے اور وہ کامیابیاں اس کے دل پر کوئی نیک اثر نہیں ڈالتیں بلکہ جیسے جیسے دولت اور اقبال پاتا ہے غرور اور تکبر میں بڑھتا جاتا ہے۔ خدا تعالیٰ پر اگر اس کو کچھ ایمان بھی ہو تو ایسا مردہ ایمان ہوتا ہے جو اس کو نفسانی جذبات سے روک نہیں سکتا اور حقیقی پاکیزگی بخش نہیں سکتا۔

(الفضل 18۔اکتوبر 2010ء)

والدین نمونہ بنیں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں۔

پس جو والدین اولاد کے خواہش مند ہوں انہیں نیک اولاد کی خواہش کرنی چاہئے اور پھر اولاد کی تربیت بھی اس کے مطابق ہو اور جیسا کہ میں نے کہا اولاد کی تربیت کے لئے سب سے پہلے اپنے نمونے قائم کرنے چاہئیں۔ واقفین نو بچوں کے جو والدین ہیں انہیں خاص طور پر اس طرف توجہ دینی چاہئے۔

(بسلسلہ تعمیل فیصلہ شوریٰ
مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ)

دو نفلوں کی تحریک

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 3 دسمبر 2010ء کے خطبہ جمعہ میں احمدی احباب کو روزانہ دو نوافل ادا کرنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:۔

پس ان حالات میں دنیا بھر کی جماعتوں کے تمام افراد کو میں خاص طور پر اپنے مظلوم اور تکلیف اور مشکلات میں گرفتار بھائیوں کے لئے دعاؤں کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں کم از کم دو نفل روزانہ صرف ان لوگوں کیلئے ہر احمدی ادا کرے جو احمدیت کی وجہ سے کسی بھی قسم کی تکلیف میں مبتلا ہیں۔ جو ظالمانہ قوانین کی وجہ سے اپنی شہری اور مذہبی آزادیوں سے محروم کر دیئے گئے ہیں۔ اسی طرح جماعتی ترقی کے لئے بھی خاص طور پر دعائیں کریں۔ پس اگر ہر احمدی اپنے دل کی بے چینی کو خدا تعالیٰ کے حضور پہلے سے بڑھ کر پیش کرے گا تو خود مشاہدہ کرے گا کہ اللہ تعالیٰ کے پیار کی نظر اس پر کس طرح پڑ رہی ہے پہلے سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ ان کو اپنے حصار میں لے لے گا۔

(روزنامہ الفضل 18 جنوری 2011ء)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 6 روپے

اداریہ

حضرت مسیح موعود کا سفر ملتان۔1897ء

ایک مخالف کو آپ کی راستگوئی کا پختہ یقین تھا

حضرت مسیح موعود نے اللہ تعالیٰ کی مصلحتوں کے تحت اپنی زندگی میں متعدد سفر کئے۔ مسیح کے معنوں میں سفر کا مضمون بھی شامل ہے۔ حضرت مسیح موعود کے ان سفروں کی ایک حکمت یہ بھی تھی کہ لوگ آپ کے مقدس چہرہ کو دیکھ لیں، آپ کے اخلاق عالیہ ظاہر ہوں اور سینکڑوں لوگ ان کے گواہ بن جائیں۔

اس ضمن میں ملتان کا سفر بھی بہت اہم ہے۔ جس میں اس بات کا اظہار ہے کہ دشمنوں کو آپ کے خلق سچائی پر کتنا اعتماد تھا۔

حضرت اقدس 29۔ اکتوبر 1897ء کو ملتان تشریف لے گئے۔ اس سفر کے متعلق حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب تحریر فرماتے ہیں۔

اس سفر کی تقریب یہ ہوئی کہ مولوی رحیم بخش صاحب بہاولپور نے لاہور کے اخبار ناظم الہند پر ازالہ حیثیت عرفی کا دعویٰ دائر کیا تھا نواب صاحب بہاولپور کے حرم سرائے میں ایک یورپین عورت مس سکسیر کے نام سے تھی جو نواب صاحب کے نکاح میں آئی۔ کچھ سیاسی اسباب ایسے پیدا ہوئے یا ان کے پیدا ہونے کا احتمال تھا کہ اسے طلاق ہوگئی۔ اس یورپین عورت کی طلاق کے سلسلہ میں ناظم الہند کے شیعہ ایڈیٹر سید ناظم حسین نے مضامین کا ایک سلسلہ مولوی رحیم بخش کے خلاف لکھا اور اس مقدمہ کی نوبت آئی۔ ناظم الہند کا وہ فائل دفتر الحکم کی لائبریری میں تھا۔ ناظم الہند کا ایڈیٹر سلسلہ کا سخت دشمن تھا اور اس نے حسین کامی کی قادیان میں آمد کے سلسلہ میں بہت کچھ لکھا مگر وہ یقین رکھتا تھا کہ حضرت اقدس کی شہادت باوجود اس کی اپنی دشمنی کے صداقت کا اظہار ہوگی اس لئے اس نے شہادت صفائی میں آپ کو بطور گواہ طلب کیا۔ حضرت اقدس جائز طور پر بذریعہ کمیشن شہادت دینے کا مطالبہ کرسکتے تھے۔ مگر آپ نے قرآن کریم کی ہدایت پر عمل کر کے شہادت کے لئے خود جانا ضروری سمجھا اور ملتان تشریف لے گئے۔ عجیب بات یہ ہے کہ ابھی اس شہادت کے متعلق آپ کو کوئی علم نہ تھا۔ خود ناظم حسین نے بھی اس کی ضرورت نہیں سمجھی تھی کہ وہ قبل از وقت آکر آپ سے ذکر کرتا وہ ایک صحیح شعور رکھتا تھا کہ آپ شہادت کے طلب کرنے پر ضرور آئیں گے اور سچی شہادت دیں گے مگر اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس سفر کے متعلق بعض امور کا علم دے دیا تھا۔ فرماتے ہیں:

’’شروع 1897ء میں مجھے دکھایا گیا کہ میں ایک گواہی کے لئے ایک انگریز حاکم کے پاس حاضر کیا گیا ہوں اور اس حاکم نے مجھ سے سوال کیا کہ آپ کے والد کا کیا نام ہے؟ لیکن جیسا کہ شہادت کے لئے دستور ہے مجھے قسم نہیں دی۔ پھر 8۔ اکتوبر 1897ء کو مجھے خواب میں دکھایا گیا کہ اس مقدمہ کا سپاہی سمن لے کر آیا ہے۔ یہ خواب (بیت الذکر) میں عام جماعت کو سنا دی گئی تھی۔ آخر ایسا ہی ظہور میں آیا اور سپاہی سمن لے کر آ گیا اور معلوم ہوا کہ ایڈیٹر اخبار ناظم الہند لاہور نے مجھے گواہ لکھا دیا ہے۔ جس پر مولوی رحیم بخش پرائیویٹ سیکرٹری نواب بہاولپور نے لائبل کا مقدمہ ملتان میں کیا تھا۔ سو جب میں ملتان میں پہنچ کر عدالت میں گواہی کے لئے گیا تو ویسا ہی ظہور میں آیا۔ حاکم کو ایسا سہو ہو گیا کہ قسم دینا بھول گیا اور اظہار شروع کر دیئے۔‘‘

اس سفر میں آپ کے ہمراہ حضرت مولانا نورالدین صاحب، حضرت مولانا عبدالکریم صاحب، مکرم خواجہ کمال الدین صاحب اور مکرم محمد علی صاحب تھے مکرم مولوی محمد علی صاحب نے اسی سال مارچ کے اواخر میں قادیان آکر بیعت کی تھی اور قادیان میں ان کی یہی پہلی آمد اور حضرت سے ملاقات تھی۔

سفر ملتان میں اسی طرح پر واقعہ شہادت پیش آیا جیسا کہ قبل از وقت اللہ تعالیٰ نے بتا دیا تھا اور جماعت مقیم قادیان کو پہلے سے بتا دیا گیا تھا اس وقت نہ ناظم الہند کیس کا علم تھا نہ اس میں شہادت دینے کا سوال بلکہ یہ وہم بھی نہیں ہوسکتا تھا کہ ناظم صاحب جیسا تلخ دشمن آپ کو شہادت میں پیش کرسکتا ہے۔

مگر یہ واقعہ آپ کی صداقت کی دلیل ہونے والا تھا اس لئے اللہ تعالیٰ نے ایسے سامان پیدا کر دیئے۔ اس وقت ملتان (جو اولیائے کرام کا ایک مرکز رہا ہے اور اسلامی فتوحات کا دروازہ تھا) میں حضرت اقدس کی جماعت کے چند افراد تھے جو اپنی معاشی حالت کے لحاظ سے غریب کہے جاسکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی سنت یہی ہے کہ اس کے برگزیدہ کی جماعت میں غربا ہی بنیادی اینٹ ہوتے ہیں اگرچہ اس وقت تک سلسلہ کی مخالفت عام ہوچکی تھی۔ مگر پنڈت لیکھرام کی پیشگوئی پوری ہونے کے بعد مسلمانوں میں ہمدردانہ رو بھی چل رہی تھی اور اسی اثناء میں ڈاکٹر کلارک کے اقدام قتل کا مقدمہ بھی چل رہا تھا۔ ایسے حالات میں سفر (جب کہ قتل کی دھمکیاں بھی دی جاچکی ہوں) خطرات کا سفر تھا مگر حضرت اقدس کے ساتھ ربانی تائیدات تھیں۔ آپ نے یہ سفر اپنے خدام کے ہمراہ کیا اور واپس ہوئے۔

واپسی پر آپ نے لاہور میں قیام فرمایا اور مکرم شیخ رحمت اللہ صاحب تاجر کے مکان پر جو انارکلی میں واقع تھا فروکش ہوئے۔ شیخ صاحب کی دکان اس وقت بمبئی ہاؤس کے نام سے مشہور تھی اور پنجاب ریلیجس بک سوسائٹی کے بالکل سامنے تھی۔ اس کے عقب میں آپ کا رہائشی مکان تھا۔ ہر مذہب وملت کے لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور مختلف قسم کے سوال کرتے۔

قرآن کریم کی برکات

خدائے پاک رحماں کا یہ ہم پہ کتنا احساں ہے
عطا کی ہم کو وہ تعلیم جس کا نام قرآں ہے

ہماری ظلمتوں کو دور کرتا ہے وہ نورِ حق
کرے جو جان و دل روشن یہی وہ نورِ فرقاں ہے

پڑھو اس کو ترنم سے تو لذت دل کو یہ بخشے
کرو تم غور جب اس پہ تو پھر یہ بحرِ عرفاں ہے

اگر آتا نہ یہ قرآں بھٹک جاتے سبھی انساں
ہمارے ہر قدم پر یہ تو اک شمع فروزاں ہے

ہدایت ہے خداوندی یہ پیغامِ الٰہی ہے
ہمارا یہ عقیدہ ہے ہمارا اس پہ ایماں ہے

شفا دیتا ہے لوگوں کو خدا کی خاص رحمت سے
یہ سب مضطر دلوں کے واسطے راحت کا ساماں ہے

تو اے مومن بسا دل میں قرآنِ پاک کی الفت
اگر اپنے خدا کے قرب کو پانے کا خواہاں ہے

خواجہ عبدالمومن

مولوی محمد صاحب مرحوم امیر جماعت احمدیہ مشرقی پاکستان

تقریر جلسہ سالانہ 1962ء

بنگلہ دیش سابقہ مشرقی پاکستان میں احمدیت کی تاریخ

آغاز تا 1962ء

(قسط دوم آخر)

بنگلہ زبان میں پہلا رسالہ

1916ء میں پمفلٹ اور ٹریکٹ کی صورت میں زبان بنگلہ احمدیہ لٹریچر کی اشاعت شروع ہوئی۔ اسی طرح بنگلہ میں البشریٰ کے نام سے ایک سہ ماہی رسالہ جاری ہوا۔ لیکن چار شماروں کے بعد بند ہو گیا۔ پھر 1925ء سے رسالہ احمدی بنگلہ زبان میں ماہوار نکلنا شروع ہوا جو کچھ عرصہ بعد پندرہ روزہ کر دیا گیا۔ انہی ایام میں مولوی حسام الدین صاحب ڈپٹی مجسٹریٹ نے جو مولوی مبارک احمد صاحب اور چوہدری ابوالہاشم خان صاحب کے دوستوں میں سے تھے۔ کتاب ...... پڑھ کر بیعت کر لی۔ یہ بھی آگے چل کر سلسلہ کے اچھے خادم ثابت ہوئے۔

پہلا جلسہ سالانہ

1917ء میں چوہدری ابوالہاشم خان صاحب اور مولوی حسام الدین حیدر صاحب کی کوشش کے نتیجہ میں برہمن بڑیہ میں احمدیوں کا پہلا سالانہ جلسہ ماہ اکتوبر میں منعقد ہوا۔ اس جلسہ کے موقعہ پر دیہاتی جماعتوں میں ایک ایک امام مقرر کر کے ان کی جماعتوں کو منظّم کیا گیا۔

اطاعت اور توکل کا ایک اعلیٰ نمونہ

علاقہ برہمن بڑیہ کے موضع باشارک کا رہنے والا ایک اٹھارہ انیس سال کا نوجوان رحمت علی 1916ء میں بیعت کر کے سلسلہ میں داخل ہوا۔ احمدی ہونے پر اس کے ماں باپ نے اسے گھر سے نکال دیا۔ وہ قادیان چلا گیا اور وہاں پر دینی تعلیم حاصل کرتا رہا۔ جب 23-1922ء میں ملکانہ کے علاقہ میں سوامی شردھانند کی چلائی ہوئی شدھی تحریک کے نتیجہ میں ہزاروں ہزار مسلمان ہندو بنائے جانے لگے۔ تو اس موقعہ پر اس فتنہ عظیم کی روک تھام کے سلسلہ میں حضور اقدس نے ایک مرتبہ قادیان میں منادی کے ذریعہ ہنگامی طور پر یہ اعلان کروا دیا کہ جو جس حالت میں ہو فوراً حضور پرنور کی خدمت میں حاضر ہو جائے۔ مولوی رحمت علی صاحب اس وقت اتفاقاً تہ بند اور بنیان پہنے ہوئے روٹی کھا رہے تھے۔ بذریعہ منادی حضور کا حکم سنتے ہی وہ فوراً روٹی چھوڑ کر اسی حالت میں اٹھ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ حضور کی طرف سے ملکانہ جانے کا حکم ہوا۔ آقا کے حکم کی تعمیل میں فوراً اسی حالت میں یعنی صرف بنیان اور تہ بند زیب تن کئے روانہ ہو گئے اور سامان سفر ساتھ لینے کے لئے اپنی رہائش تک بھی نہ گئے۔

ملکانہ میں انہوں نے سادھو کے لباس میں خدمت سرانجام دی۔ ان کے حسن کارکردگی اور اخلاص کی وجہ سے جو علاقہ ان کے سپرد ہوا تھا۔ اس کے تمام مرتد ہونے والے لوگ بفضلہٖ تعالیٰ واپس آ گئے۔ حضور نے ان مخلصانہ خدمات پر خوشنودی کا اظہار فرمایا تھا اور ان کے لئے دعا فرمائی تھی۔ اس کے بعد انہوں نے قادیان سے واپس آ کر بنگال میں ایک لمبا عرصہ آنریری طور پر دعوتی کام سرانجام دیئے۔

ملکانہ میں مولوی رحمت علی صاحب کے علاوہ بنگال کے دوستوں میں سے مولوی ظل الرحمٰن صاحب اور چوہدری ابوالعاصم خان صاحب برادر چوہدری ابو الہاشم خان صاحب کو بھی خدمات پیش کرنے کا موقعہ ملا۔ 1919ء میں حضور اقدس کے ارشاد پر مولوی مبارک علی صاحب نے سرکاری ملازمت چھوڑ کر انگلینڈ اور جرمنی میں نہایت اخلاص اور تندہی کے ساتھ چھ سال کے لئے دعوت الی اللہ کی خدمت سرانجام دی۔ اور خدا تعالیٰ کے فضل سے واپسی پر دوبارہ اپنی ملازمت پر بحال ہو گئے۔

حضرت مولانا عبدالواحد صاحب کی وفات کے بعد

1926ء میں مولانا سید عبدالواحد صاحب نے انتقال فرمایا۔ ان کے زمانہ میں بنگال میں احمدیت کی بنیاد استوار ہوئی۔ میمن سنگھ اور سلہٹ کے اضلاع میں 36 جماعتیں قائم ہوئیں۔ مولانا سید عبدالواحد صاحب کے انتقال کے بعد چاٹگاؤں کے پروفیسر عبداللطیف صاحب بذریعہ انتخاب امیر مقرر ہوئے۔ حضور نے انہیں دستی بیعت لینے کی اجازت سے بھی سرفراز فرمایا۔

ان کے متعلق ایک قابل ذکر بات یہ ہے۔ حضرت اقدس خلیفۃ المسیح الثانی نے 1928ء میں قرآن مجید کا درس دیا تھا۔ آپ اس میں اول تا آخر شامل ہوئے۔

ان کے زمانہ امارت میں انتظامی لحاظ سے بھی جماعت نے بہت ترقی کی۔ جماعتوں میں صرف اماموں کی جگہ قواعد صدر انجمن احمدیہ کے مطابق پریذیڈنٹوں اور سیکرٹریوں کا بذریعہ انتخاب تقرر ہوا۔ بجٹ بلحاظ تشخیص آمد تیار ہونے شروع ہوئے۔ مرکز کے اعلانات و اشتہارات کو بنگلہ زبان میں شائع کیا جانے لگا اور لٹریچر میں بھی اضافہ ہوا۔ مخالفین کی طرف سے وقتاً فوقتاً پھیلائے ہوئے اعتراضات کے جواب بھی بصورت اشتہار پمفلٹ اور رسائل دیئے گئے۔

ایک ماہوار رسالہ الہدایت ایک عرصہ تک جاری رہا ان کے زمانہ میں مختلف اوقات حضرت صاحبزادہ مرزا شریف احمد صاحب، حضرت خان صاحب فرزند علی صاحب، حضرت مولوی عبدالمغنی صاحب ناظر مال حضرت ڈاکٹر مفتی محمد صادق صاحب، حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب نیر، حضرت پیر سراج الحق صاحب نعمانی، حضرت حکیم قریشی محمد حسین صاحب بنگال میں تشریف لائے۔ ان بزرگان میں سے حضرت پیر سراج الحق صاحب نعمانی نے 29-1928ء میں تقریباً ڈیڑھ سال کے لئے برہمن بڑیہ میں قیام فرمایا۔

پیر سراج الحق صاحب

اسی عرصہ کی بات ہے کہ ایک مرتبہ جب حضرت پیر صاحب چاٹگاؤں ٹاؤن ہال میں لیکچر دے رہے تھے۔ مخالفوں نے پتھر برسانے شروع کر دیئے جس سے وہ زخمی ہو کر زمین پر گر گئے۔ اس طرح چاٹگاؤں کی سرزمین حضرت مسیح موعود کے ایک جلیل القدر رفیق کے مقدس خون سے رنگی گئی۔ آج اسی کا نتیجہ ہے کہ وہاں پر بفضل اللہ تعالیٰ ایک بڑی مستحکم جماعت قائم ہے۔

30 ستمبر 1931ء میں پروفیسر عبداللطیف صاحب نے انتقال فرمایا اور ان کے بعد کلکتہ کے حکیم ابوطاہر صاحب جو مقامی امیر تھے پراونشل امیر مقرر ہوئے اور ہیڈ کوارٹرز برہمن بڑیہ سے کلکتہ منتقل ہو گئے۔

میری بیعت

ان ہی ایام میں ڈھاکہ کے ایک احمدی دوست عبداللطیف صاحب ملازمت کے سلسلہ میں بانکوڑا تبدیل ہو کر گئے وہاں پر ان کے ذریعہ سے احمدیت کا کچھ بنگلہ لٹریچر اس عاجز کو ملا جس میں کتاب ...... تصنیف حضرت مسیح موعود بھی تھی اس میں اس فقرہ نے کہ مجھے جو بھی عزت ملی ہے حضرت مصطفیٰ ﷺ کے طفیل ملی ہے۔ مجھ پر گہرا اثر کیا۔ میرے والد صاحب مولوی زاہد الرحیم وکیل اور عالم دین بھی تھے۔ ان کی محفل میں ہمیشہ یہ باتیں سنتا رہا کہ حضرت محمد ﷺ کی اتباع کرنے والا کبھی گمراہ نہیں ہوسکتا۔ کتاب...... میں حضرت مسیح موعود کا مذکورہ فقرہ پڑھتے ہی والد صاحب کی بات مجھے یاد آئی اور میرے دل میں یہ یقین میخ کی طرح گڑ گیا کہ یہ شخص سچا ہے اور جو بھی اس کا دعویٰ ہے سچا ہے حالانکہ اس وقت تک خاکسار کو حضرت مسیح موعود کے دعاوی کا ابھی علم نہیں ہوا تھا۔ اس کے بعد ڈیڑھ ماہ کے اندر ہی عاجز کو بیعت کر کے سلسلہ عالیہ احمدیہ میں داخل ہونے کی توفیق مل گئی۔

1935ء میں جناب حکیم صاحب کے انتقال کے بعد جناب چوہدری ابوالہاشم خان صاحب مرحوم پراونشل امیر مقرر ہوئے اور ہیڈ کوارٹرز کلکتہ سے تبدیل ہو کر ڈھاکہ میں منتقل ہوئے۔ چوہدری صاحب پراونشل امیر ہونے کے علاوہ کلکتہ کے امیر بھی رہے۔ جماعتوں میں کثرت سے دورہ فرماتے جس سے جماعتوں کے اندر بیداری پیدا ہوتی۔

اسی زمانہ میں ضلع میمن سنگھ کے موضع پر یمار چر کے کچھ جوشیلے احباب بیعت کر کے سلسلہ میں داخل ہوئے ان کے ذریعہ گردونواح میں بہت اشاعت ہوئی۔ ان احباب میں سے خاص طور پر قابل ذکر اسماء یہ ہیں۔ مولوی ابوموسیٰ صاحب، مولوی ابوطاہر صاحب۔ مولوی منور علی صاحب۔ مولوی طالب حسین صاحب۔

مولوی منور علی صاحب کی بیعت

مولوی منور علی صاحب جو اس وقت سلسلہ کے معلم ہیں ان کی بیعت کی تفصیل یہ ہے کہ وہ جب احمدیت کا مطالعہ کر رہے تھے ایک رات تہجد کی نماز سے قبل خواب میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعود شمال مغرب سے تشریف لا رہے ہیں اور بہت سے لوگ آپ کے استقبال کیلئے کھڑے ہیں حضرت مسیح موعود نے سب کو بیٹھنے کے لئے ارشاد فرمایا اور حضرت اقدس خود بھی مجلس میں تشریف فرما ہوئے۔ مولوی منور علی صاحب حضرت اقدس کے پیچھے بیٹھ گئے اس کے بعد حضرت مسیح موعود نے دوران گفتگو اپنا دایاں ہاتھ بائیں ران پر زور سے مارا جس کی آواز سن کر مولوی منور علی صاحب بیدار ہو گئے۔ اس رؤیا میں حضرت مسیح موعود نے ان کو ایک چھوٹی سی کتاب بھی دی تھی۔ بیدار ہو کر انہوں نے تہجد کی نماز ادا کی۔ اتنے میں مولوی طالب حسین صاحب جن کے گھر میں وہ مقیم تھے آ گئے اور ان کو بیدار دیکھ کر ماجرا پوچھا۔ تو انہوں نے خواب کا ذکر کیا اس پر مولوی طالب حسین صاحب نے کہا ’’صدقت‘‘ اس کے دو چار روز بعد مولوی منور علی صاحب نے بیعت

کر لی اور کچھ عرصہ بعد مولوی طالب حسین صاحب نے بھی بیعت کر لی۔ بحالیکہ وہ قبل ازیں احمدیت کے سخت مخالف تھے۔ یہ دوست بلند پایہ عالم تھے۔ اپنے علاقہ میں بہت رعب اور اثر رسوخ کے مالک تھے۔ ان کو دعوت الی اللہ کا خاص جوش تھا۔ انہوں نے کچھ عرصہ بعد بطور آنریری مربی نہایت اخلاص اور جوش کے ساتھ سلسلہ کی خدمت کی اور میدان دعوت الی اللہ میں ہی جبکہ وہ سفر میں تھے۔ گھر سے دور بمقام شہباز پور میں 1943ء میں وفات پائی اور وہیں مدفون ہیں۔

مولوی ممتاز احمد صاحب مربی سلسلہ علاقہ سلہٹ کے ممتاز علماء میں سے تھے انہی کے ذریعہ سے احمدی ہوئے۔ مخالفین نے انہیں کئی دفعہ دوران مناظرہ مار پیٹ کا بھی نشانہ بنایا جسے انہوں نے جرأت اور خندہ پیشانی سے برداشت کیا۔

مولوی ابوموسیٰ صاحب اور ان کے بھائیوں نے ''پٹارہ اسٹیٹ'' میں بمقام بلا ایک بڑی جماعت قائم کی۔ بلا کی جماعت بعد تقسیم ملک ہجرت کر کے احمد نگر ضلع دیناجپور میں آ بسی ہے۔ یہ مشرقی پاکستان میں ایک بڑی فعال جماعت ہے۔

چوہدری ابوالہاشم خان صاحب کا عہد امارت

چوہدری ابو الہاشم خان صاحب کے عہد امارت میں بہت سے مناظرات ہوئے جن میں احمدیت کو نمایاں طور پر کامیابی حاصل ہوئی۔ خصوصاً 1938ء میں بمقام برہمن بڑیہ مولانا محمد سلیم صاحب مربی سلسلہ نے ایک مناظرہ کے دوران دوروز میں اٹھارہ گھنٹہ عربی میں لیکچر دے کر لوگوں کو بہت متاثر کیا جس سے احمدیت کا رعب قائم ہوا۔

1939ء میں چوہدری ابوالہاشم خان صاحب قادیان ہجرت کر کے چلے گئے اور آپ کے بعد مولوی مبارک علی صاحب امیر مقرر ہوئے۔ ڈھاکہ میں مشن ہاؤس ان کے عہد امارت ہی میں خریدا گیا تھا جہاں صوبائی انجمن کے ہیڈکوارٹرز بھی واقع ہیں اسی طرح انہی ایام میں ایک مخالف بنگالی مولوی صاحب کی پانچ جلدوں پر مشتمل کتاب ''رد قادیانی'' کا دندان شکن جواب جس کو مولوی ظل الرحمٰن صاحب مربی سلسلہ نے ''حدیث المہدی'' کے نام سے تصنیف کیا تھا شائع کیا گیا۔ یہ کتاب بہت مقبول ہوئی۔

نصرت الٰہی کا ایک اور واقعہ

آزادی ملک سے قبل جب ہندو مسلم فسادات کی آگ سارے صوبے میں پھیل گئی تھی۔ ہماری جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بحیثیت مجموعی جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہی اور کلکتہ مشن کے محفوظ رہنے کا واقعہ تو خاص طور پر تائید ونصرت الٰہی اور معجزانہ رنگ کا حامل تھا۔

والنگٹن سکوائر کی بالائی منزل میں ہماری انجمن و بیت واقع تھی۔ مشن میں اس وقت تین اشخاص تھے۔ مولوی سید سعید احمد صاحب انسپکٹر مال اور اڑیسہ کے محمود صاحب اور ایک اور دوست تھے جن کا نام مجھے یاد نہیں رہا۔ ہندو مسلم فسادات نے مشن ہاؤس کو گھیرے میں لیا ہوا تھا۔ چاروں طرف فسادات کی آگ بھڑکی تھی۔ ایک دفعہ ہندوؤں کے ایک جتھہ نے قتل و غارت کا نشانہ بناتے ہوئے مشن ہاؤس بالمقابل واقع ایک مسجد کو گرا دیا۔ اس کے بعد مشن ہاؤس کا رخ کیا۔ مذکورہ بالا تینوں دوست جو مشن ہاؤس میں محصور تھے نے چھپ کر بالائی منزل سے ان تمام ہولناک واقعات کو ہوتے دیکھا۔ جب جتھے نے نچلا گیٹ توڑ ڈالا اور سیڑھی سے اوپر چڑھنے لگا تو یہ تینوں دوست اپنی زندگی کے آخری لمحات سمجھ کر آستانہ الٰہی میں سربسجود ہو گئے اور کلیتہً اللہ تعالیٰ کی طرف منقطع ہو کر نہایت گریہ وزاری سے یہ دعا کی کہ اے خدا تیرے سوا کوئی بچانے والا نہیں۔ ہم اپنے آپ کو تیرے ہی سپرد کرتے ہیں اتنے میں ان کے کان میں یہ آواز آئی کہ بلوائیوں میں سے کوئی شخص دوسروں کو مخاطب ہو کر کہہ رہا ہے کہ یہاں وقت ضائع کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اگر کوئی ہوتا تو اس کے آثار ہوتے۔ دوسری طرف جانے سے کوئی کام ہوتا۔ اس کے بعد حالت سجدہ ہی میں ان دوستوں نے محسوس کیا کہ جتھے کی توجہ ان کی طرف سے ہٹ گئی ہے اور وہاں سے دوسری طرف چلے گئے۔ اس طرح اللہ تعالیٰ کی خاص تائید ونصرت کے تحت ہمارے دوست، مشن ہاؤس اور اس کے املاک محفوظ رہے۔

یہ واقعہ 17/اگست 1946ء کو ہوا۔

قیام پاکستان کے بعد

اس کے بعد 1947ء میں ملک تقسیم ہو گیا۔ اس وقت سارے بنگال میں پچاس احمدی جماعتیں تھیں۔ جن میں سے پندرہ ہندوستان میں چلی گئیں اور مشرقی پاکستان کے حصہ میں 35 آئیں کچھ احباب مغربی بنگال سے بسلسلہ ملازمت وتجارت ڈھاکہ، چٹاگانگ وغیرہ مقامات میں آ گئے۔ خاکسار بھی انہی میں سے ایک تھا۔ تقسیم ملک کے وقت سارے بنگال میں تقریباً پانچ ہزار احمدی تھے۔ جن میں سے قریباً ایک ہزار ہندوستان میں رہ گئے۔

خان صاحب مبارک علی صاحب بسبب علالت حضور اقدس کی اجازت سے 1949ء کے نومبر میں امارت سے مستعفی ہو گئے۔ اس کے بعد حضور پُرنور نے اس عاجز کو پروانشل امیر مقرر فرمایا۔

یہ عاجز 3 دسمبر 1949ء سے لے کر 4 دسمبر 1955ء تک امیر رہا۔ طوالت مضمون کے باعث خاکسار اپنے عہد امارت کے واقعات میں سے صرف دو کے ذکر کرنے پر اکتفا کرے گا۔

1953ء میں جب احمدیوں کے خلاف فتنہ اٹھایا گیا تو مخالفین نے احمدیوں کو اقلیت قرار دینے کے لئے آل پاکستان مسلم لیگ کانفرنس میں جو ڈھاکہ میں منعقد ہونے والی تھی۔ ایک ریزولیوشن پاس کرانے کا انتظام کیا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے اس موقعہ پر جماعت کے دوستوں نے نہایت اخلاص سے کام کیا۔ دن اور رات ایک کر کے ضروری لٹریچر کی تالیف وتصنیف اور طباعت کے مسلسل کام کو سرانجام دیا اور لوگوں کو جماعت کے خلاف بے بنیاد اور جھوٹے الزامات سے آگاہ کر کے انہیں اصل صورت سے باخبر کیا۔ کانفرنس سے ایک روز قبل ممبروں سے ملاقاتیں کی گئیں۔ ان میں سے ایک بھاری تعداد نے وعدہ کیا کہ اگر احمدیوں کو اقلیت قرار دینے کا سوال کسی نے اٹھایا تو ہم اس کی پرزور مخالفت کریں گے۔ اس کوشش کا نتیجہ یہ ہوا کہ مخالفین اپنے ارادے میں ناکام رہے۔

طوفان نوح

دوسرا واقعہ یہ ہے کہ 1954ء و 1955ء میں مشرقی پاکستان سخت طوفان او رسیلاب کی زد میں آیا۔

سرزمین مشرقی پاکستان کے چودہ اضلاع زیر آب ہو گئے۔ چالیس دن تک ہر طرف پانی ہی پانی نظر آتا تھا اور لوگوں کی تکلیف او رجانی و مالی نقصان کی کوئی انتہا نہ تھی۔ ان دونوں ہولناک مواقع پر بے ساختہ یہ الفاظ جاری تھے کہ واقعی یہ طوفان نوح ہے۔ مشہور انگریزی ماہنامہ ''ریڈرز ڈائجسٹ'' میں بھی طوفان نوح کے جلی عنوان سے سیلاب کی تفصیلات شائع ہوئی تھیں۔ ان دونوں موقعوں پر جو عظیم الشان قومی مصیبت کا رنگ رکھتے تھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے بغیر ہماری طرف سے کسی رپورٹ یا مطالبہ کے فوری طور پر ازراہ ہمدردی و شفقت علیٰ خلق اللہ بذریعہ تار بھاری رقوم سیلاب زدگان کی بلا امتیاز امداد کے لئے ارسال فرمائیں۔ جن کے ذریعہ سیلاب زدہ علاقوں میں بہت وسیع پیمانے پر امدادی کام سرانجام دیا گیا۔

ایک قابل تقلید نمونہ

1962ء میں نگران بورڈ کی طرف سے مرکزی اعلیٰ کارکنان کا جو وفد مشرقی پاکستان بھیجا گیا تھا ان میں حضرت مولوی قدرت اللہ صاحب سنوری رفیق حضرت مسیح موعود بھی اپنے ذاتی خرچ پر تشریف لائے۔ اور ایک سال تک صوبے میں جماعتوں میں بہت اخلاص اور محبت کے ساتھ کامیاب دورہ فرمایا۔ آپ کا نیک نمونہ اور پاکیزہ کلام جماعتوں میں ازدیاد ایمان اور ترقی کا باعث ہوا۔ اس دورے کے دوران جب وہ اس عاجز کے پاس احمد نگر (ضلع دیناج پور مشرقی پاکستان) میں کچھ دنوں کے لئے قیام فرمایا۔ ان سے ایک نہایت ہی قابل تقلید نمونہ صادر ہوا۔ جو توکل علی اللہ پابندی نظام جماعت دین کو دنیا پر مقدم کرنے۔ تائید و نصرت الٰہی کا حامل ہے۔

15 مئی عیدالاضحیٰ کا دن تھا نماز عید پڑھی جا چکی تھی کہ امیر صاحب ڈھاکہ کی طرف سے بذریعہ ریڈیوگرام یہ پیغام پہنچا کہ حضرت مولوی صاحب کی بیوی کوئٹہ میں سخت بیمار ہے۔ اور حالت تشویشناک ہے سو ان کے لڑکے کی خواہش ہے کہ حضرت مولوی صاحب فوری طور پر واپس تشریف لے جاویں۔

اس ریڈیوگرام کو پڑھ کر جناب سنوری صاحب نے بے ساختہ فرمایا کہ میں پہلے اپنے خدا سے پوچھ لوں اور پھر تھوڑی دیر کے لئے خاموش رہے۔ اس اثناء میں میرے دل میں درد کے ساتھ یہ دعا اٹھی کہ یا اللہ تیرے مسیح کا یہ ایک بزرگ رفیق میرے غریب خانہ میں مقیم ہے اسے کوئی ایسا صدمہ نہ پہنچے۔ جو تکلیف اور افسوس کا موجب ہو۔

اتنے میں آپ نے فرمایا کہ میں مرکز کی طرف سے کام پر مامور ہوں۔ سو میں بغیر حکم مرکز کے ایک قدم بھی ہل نہیں سکتا اور یہ بھی فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ میں بیوی کو دیکھنے کے لئے واپس چلا جاؤں۔ لیکن بیوی بھی مر جائے اور مرکز کی حکم عدولی کے باعث خدا تعالیٰ مجھ سے جواب طلبی کرے۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ مرکز کے حکم کی فرمانبرداری بھی کروں اور بیوی بھی بچ جائے۔ اور ان سے ملاقات بھی ہو جائے۔ تب انہوں نے جناب امیر صاحب ڈھاکہ کو تار بھجوایا کہ میرے لڑکے کو کہہ دیں کہ اگر میرے واپس آنے کی ضرورت ہے تو وہ مرکز میں لکھے مجھے کیوں کہتا ہے۔

اس کے بعد انہوں نے اپنا دورہ بدستور جاری رکھا اور مرکز کی طرف سے باقاعدہ حکم آ جانے کے بعد اپنے دورے کو تقریباً مکمل کر کے وہ واپس تشریف لے گئے۔ واپس جا کر انہوں نے اپنی بیوی کو روبصحت پایا۔

مختصراً بیان کردہ واقعات کے علاوہ مشرقی پاکستان کی تاریخ احمدیت میں سینکڑوں قابل ذکر واقعات اور بھی ہیں جو اس قلیل وقت کے اندر احاطہ بیان میں نہیں لائے جا سکتے۔

میں نے مشرقی پاکستان میں احمدیت کی ابتداء و آغاز بیان کرتے ہوئے یہ حقیر مضمون حضرت مسیح موعود کے تین رفقاء کے ذکر کے ساتھ شروع کیا تھا۔ اسی طرح برکت کے واسطہ میں اپنے مضمون کو حضرت مسیح موعود کے ایک بزرگ رفیق کے مذکورہ بالا واقعہ پر ختم کرتا ہوں۔

(الفضل 5 تا 7/اپریل 1963ء)

مکرم پروفیسر راجا نصر اللہ خان صاحب

حاصل مطالعہ

ملکی اخبارات سے مفید حوالے

قتال پر مبنی انقلاب کی خواہش

ڈاکٹر علی اکبر الازہری صاحب اپنے کالم متاع کارواں میں لکھتے ہیں۔

جماعت اسلامی کے سابق امیر محترم منور حسن نے بڑے صاف اور واشگاف الفاظ میں فرمایا کہ ’’قتال فی سبیل اللہ کے بغیر ہمارے اس معاشرے میں انقلاب نہیں لایا جاسکتا۔‘‘ انہوں نے اس بیان کی مزید شرح کرتے ہوئے سومنات کا حوالہ دیا کہ ’’ہم نے ابھی کئی سومنات گرانے ہیں‘‘ یعنی جس طرح سلطان محمود غزنوی نے افغانستان سے آ کر ہندوستان میں ہندوؤں کے سومنات مسمار کئے اور یہاں اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی اسی طرح ہمیں بھی پاکستان کے موجودہ نظام کو اسلامی نظام میں تبدیل کرنے کیلئے قتال فی سبیل اللہ کے ذریعے سومنات مسمار کرنے ہوں گے......

ہمارا دین مار دھاڑ اور قتل و غارت گری پر نہ صرف یقین نہیں رکھتا بلکہ اس کی شدید مذمت کرتا ہے۔ رہا جہاد فی سبیل اللہ کا تصور تو اس کی شرائط، قوانین اور مختلف صورتیں معروف ہیں اور ہر پڑھا لکھا شخص یہ سمجھتا ہے کہ اللہ اور اس کے رسول اکرمؐ نے خواہ مخواہ تلوار کا استعمال دشمنوں کے لئے بھی سخت ناپسند فرمایا ہے۔ چہ جائیکہ مسلمانوں کے لئے قتال کی ترغیب دی جائے۔

......معاشرے میں قتال فی سبیل اللہ کی دعوت فساد فی الارض کی دعوت ہے۔ قتال کے ذریعے حکومتوں کے تختے الٹنے کا کام تو طالبان کا فلسفہ ہے اور حال ہی میں عراق اور شام کو دولت اسلامیہ بنانے کے لئے ’’داعش‘‘ نے یہی طریقہ اختیار کر رکھا ہے جس کے نتیجے میں لاکھوں مسلمان موت کے گھاٹ اتر چکے ہیں جس کی مذمت اس بار خطبہ حج میں بھی ضروری سمجھی گئی اور انہیں خوارج العصر قرار دیا گیا۔ خدارا اسلام کی تعلیمات امن و محبت کے فلسفے کو سمجھیں۔ صوفیائے اسلام کی خدمت کے منہج اور دوررس نتائج واثرات کو بھی دیکھیں اور جہاد و قتال کے فتوے لگا کر ’’اسلامی انقلاب‘‘ بپا کرنے والوں کے اثرات اور ردعمل بھی ملاحظہ کریں۔ آج پوری دنیا میں مسلمان اور دہشت گرد لازم وملزوم ہو گئے ہیں۔ کیوں؟ صرف اس لئے کہ مسلمانوں نے خود اپنی حرکتوں سے غیروں کو یہ کہنے کا موقع دیا۔ یہی وجہ ہے کہ جنگ عظیم اول اور دوم میں بھی ملت اسلامیہ کا اتنا نقصان نہیں ہوا جتنا گزشتہ چند عشروں میں دہشت گردی کا لیبل لگنے سے ہوا...... ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہماری مذہبی قیادت بھی سیاسی رہنماؤں کی طرح قول و فعل کے گہرے تضاد کا شکار ہے۔

(نوائے وقت 27 نومبر 2014ء)

جذبہ تشکر

طیبہ ضیاء چیمہ اپنے کالم مکتوب امریکہ میں لکھتی ہیں:

ہند کے مسلمانوں کے شعور اور جدوجہد مسلسل سے پاکستان معرض وجود میں آیا۔ مگر پاکستان کے مسلمانوں نے اس ملک کی قدر کو محسوس نہ کیا۔ بقول اقبال ؎

ہر کوئی مست مئے ذوق تن آسانی ہے
تم مسلماں ہو؟ یہ انداز مسلمانی ہے
حیدری فقر ہے، نے دولت عثمانی ہے
تم کو اسلاف سے کیا نسبت روحانی ہے
وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

بنی اسرائیل نے فرعون سے آزادی ملنے کے بعد سونے کے بچھڑے کی پوجا شروع کر دی تھی اور رب کی بندگی کو فراموش کر دیا تھا۔ ہند کے مسلمانوں نے آزادی کی نعمت ملنے کے بعد اس کی قدر نہیں کی اور اللہ تعالیٰ کی نافرمانیاں اور من مانیاں شروع کر دیں۔ اللہ تعالیٰ نے وعدہ کی یاد دہانی کراتے ہوئے فرمایا ’’ذرا یاد کرو، ہم نے تم سے مضبوط عہد لیا تھا کہ آپس میں ایک دوسرے کا خون نہیں بہانا اور نہ ایک دوسرے کو گھر سے بے گھر کرنا۔ تم نے اس کا اقرار کیا تھا۔ تم خود اس پر گواہ ہو۔ مگر آج وہی تم ہو کہ اپنے بھائی بندوں کو قتل کرتے ہو۔‘‘ پاکستان کی موجودہ صورتحال پر اللہ تعالیٰ غضبناک ہے۔ پاکستان قدرتی آفات کا شکار ہے، کبھی زلزلے اور کبھی طوفان ہیں، اور کہیں خشک سالی، بیماریاں اور دہشت گردی ہے۔

(نوائے وقت 28 نومبر 2014ء)

آرڈیننس 1984ء

ایم اے سلہری اپنے کالم ایوان عدل میں تحریر کرتے ہیں۔

آرڈیننس بیس 1984ء کے ذریعے دفعہ 298B کا اضافہ کیا گیا جس کی رو سے قادیانی یا لاہوری گروپ سے تعلق رکھنے والے احمدیوں کو خلفاء صحابہ کرام کے علاوہ کسی کو امیر المومنین، خلیفۃ المسلمین، صحابی یا رضی اللہ عنہ کہنے، ام المومنین کے سوا کسی کو یہ القاب دینے، اہل بیت کے سوا کسی اور کو اہل بیت کہنے اور اپنی عبادت گاہوں کو مسجد کہنے، اور انہیں اپنی عبادت گاہ میں عبادت کے لئے بلاوے کو اذان قرار دینے کو جرم قرار دے دیا گیا جس کی سزا تین سال قید اور جرمانہ مقرر کر دی گئی۔ تعزیرات پاکستان میں دفعہ 298C کا اضافہ کر کے احمدیوں کو اپنے آپ کو مسلمان، اپنے عقیدے کو اسلام کہنے اور اپنے عقیدے میں آنے کی دعوت دینے کی سزا، تین سال قید اور جرمانہ مقرر کی گئی۔ عقائد میں واضح فرق کے اعتبار سے ایسا اس لئے ضروری تھا کہ کوئی اپنے غیر اسلامی عقائد کو سلام میں گڈ مڈ کر کے ابہام پیدا کرنے کی جرأت نہ کر سکے۔ ایکٹ تھرڈ 1986ء کے ذریعے دفعہ 295C کا اضافہ کر دیا گیا۔ جس کی رو سے توہین رسالت مآب ﷺ کا جرم سرزد کرنے کی سزا موت، عمر قید اور جرمانہ مقرر کی گئی۔

(نوائے وقت 12 نومبر 2014ء)

ہمارا نظام حکومت

قیوم نظامی صاحب اپنے کالم منظر نامہ میں لکھتے ہیں:

کانگرس میں شامل مسلمان جن کی قیادت مولانا ابوالکلام آزاد کر رہے تھے۔ مسلم لیگ کے سیاسی نظریے کے خلاف تھے اور متحدہ ہندوستانی نیشنلزم کے حامی تھے۔ جمعیت العلمائے ہند کا بڑا حصہ جو مذہبی سکالروں پر مشتمل تھا قیام پاکستان کے خلاف تھا......

قیام پاکستان کے کٹر مخالف علماء میں مفتی کفایت اللہ اور مولانا حسین احمد مدنی شامل تھے۔ جمعیت العلمائے ہند کے دو جریدوں مدینہ (بجنور) اور الجمعیت (دہلی) نے کانگرس کا مقدمہ لڑا۔ ایک مستند رپورٹ کے مطابق مولانا کفایت اللہ اور مولانا حسین احمد مدنی نے قائداعظم سے پاکستان کا مقدمہ لڑنے کیلئے چندہ طلب کیا اور قائداعظم کے انکار پر وہ کانگرس کے اتحادی بن گئے۔ مجلس احرار اسلام نے عطاء اللہ شاہ بخاری اور چوہدری افضل حق کی قیادت میں مسلم لیگ کی مخالفت کی۔ مجلس احرار ہندوستان کی آزادی اور اسلامی نظام کے نفاذ کیلئے جدوجہد کر رہی تھی اس نے کانگرس کا ساتھ دیا۔ خدائی خدمتگار (ریڈ شرٹ) جو خان عبدالغفار خان خیبر پختونخواہ میں بااثر تھے اور مہاتما گاندھی سے متاثر تھے۔ قیام پاکستان کے سخت مخالف تھے۔ خان عبدالغفار خان کو ’’سرحدی گاندھی‘‘ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا تھا۔

